
اضحاق ۔یعقوب
DANNY BULANADI/19

Published by the Comic Bible Society, LLC
Copyright © 2021

Kingstone Comics maintains copyright to this comic book as provided by United States copyright law.

Print and digital copies of this version may be freely distributed without penalty under a Creative Commons license.


سارہ کی عمر 127 برس ہوئی جب اُس نے کنعان کے ملک میں وفات پائی۔
ابرہام کے لئے یہ وقت بڑے ماتم کا تھا۔
اگرچہ خُدا نے ابرہام سے وعدہ کیا تھا کہ وہ اور اُسکی اولاد ملک کنعان کے وارث ہوں گے۔ وہ حبرون میں بسنے والے بنی حت کے پاس گیا۔
اگرچہ میں تمہارے درمیان پردیسی ہوں۔ میں اپنے مردہ کو دفن کرنے کے لئے جگہ چاہتا ہوں۔
تُو ہمارے درمیان زبردست سردار ہے۔ تُو ہماری قبروں میں سے بہترین چُن لے۔
ہم تمہیں انکار نہیں کریں گے۔
اگر تم راضی ہو تو عفرون سے مکفیلہ کے غار کے لئے جو اُس کے کھیت کے کنارے پر ہے میرے لئے سفارش کرو۔ میں پوری قیمت ادا کروں گا۔




پیدائش:20-14:23


الیعز رمیرے سب سے باا عتماد نوکر، غور سے میری بات سُنو۔
میری عمر کے برس 130 ہو گئے ہیں اور میں جلد اپنے لوگوں سے جاملوں گا۔
اور ابھی تک میرے بیٹے اضحاق کی کوئی بیوی نہ ہے۔
تُو اپنا ہاتھ ذرا میری ران کے نیچے رکھ کہ تُو کنعانیوں کی بیٹیوں میں سے جِن میں مَیں رہتا ہُوں کِسی کو میرے بیٹے سے نہیں بیاہے گا۔
بلکہ تُو میرے وطن میں میرے رِشتہ داروں کے پاس جا کر میرے بیٹے اِضحاق کے لِئے بیوی لائے گا۔
میں یہ لمبا سفر طے کرنے کے لئے تیار ہوں لیکن شاید وہ عورت اِس مُلک میں میرے ساتھ آنا نہ چاہے؟
کیا مَیں تیرے بیٹے کو اُس مُلک میں جہاں سے تُو آیا پِھر لے جاؤں؟
خبردار تُو میرے بیٹے کو وہاں ہرگز نہ لے جانا۔ خُداوند نے قَسم کھا کر مُجھ سے کہا کہ مَیں تیری نسل کو یہ مُلک دُوں گا وہی تیرے آگے آگے اپنا فرِشتہ بھیجے گا۔
اگر وہ عورت تیرے ساتھ آنا نہ چاہے تو تُو میری اِس قَسم سے چُھوٹا۔




پیدایش 24:10-17


پیجئے صاحِب، اور مَیں تیرے اُونٹوں کے لِئے بھی پانی بھر بھر لاؤں گی جب تک وہ پی نہ چُکیں۔
ابراہام کے خُدا تو نے سچ مُچ ہماری دُعاؤں کا جواب دیا ہے۔
ذرا مُجھے بتا کہ تُو کِس کی بیٹی ہے؟ اور کیا تیرے باپ کے گھر میں ہمارے ٹِکنے کی جگہ ہے؟
اُس نے اُس سے کہا کہ مَیں بیتوایل کی بیٹی ہُوں۔ وہ مِلکاہ کا بیٹا ہے جو نحور سے اُس کے ہُوا۔
خُداوند میرے آقا ابرؔہام کا خُدا مُبارک ہو۔
تو ٹھیک راہ پر چلا کر مُجھے میرے آقا کے بھائیوں کے گھر لایا۔
نحور ابرہام کا بھائی تھا اس لئے ربقہ اور اضحاق رشتہ دار تھے۔



امی جان! آپ اس بات کا یقین نہیں کریں گی۔ ہمارے باپ کے بھائی ابرہام کے پاس سے ایک آدمی آیا ہے۔ وہ اپنے بیٹے کے لئے بیوی تلاش کر رہا ہے۔
کیا؟
اُس نے مجھے یہ دیے ہیں۔ وہ کہتا ہے کہ اُسے خُدا نے برکت دی ہے۔
میں لابن ہوں، اُس عورت کا بھائی جسکے ساتھ تمہاری گفتگو ہوئی ہے۔
میں نے گھر کو اور اُونٹوں کے لیے بھی جگہ کو تیار کر لیا ہے۔
دیکھو— تمہارے لئے پہلے ہی سے ایک شاندار کھانے کا اہتمام کیا جا رہا ہے۔
میں جب تک اپنا مطلب بیان نہ کر لوں نہیں کھاؤں گا۔
اچھا کہو۔


خُداوند نے میرے آقا کو بڑی برکت دی ہے اور اُس نے اُسے بھیڑ بکرِیاں اور گائے بَیل اور سونا چاندی اور کونڈِیاں اور غُلام اور اُونٹ اور گدھے بخشے ہیں۔
لیکن اُسکے پاس ایک چیز کی کمی ہے۔


اُسکے بڑھاپے میں پیدا ہونے والے بیٹے کی کوئی بیوی نہیں۔
اُس نے مُجھے قَسم دے کر کہا ہے کہ تُو میرے باپ کے گھر اور میرے رِشتہ داروں میں جانا اور میرے بیٹے کے لِئے بیوی لانا۔


تب اُس نے مُجھ سے کہا کہ خُداوند جس کے حضُور مَیں چلتا رہا ہُوں اپنا فرِشتہ تیرے ساتھ بھیجے گا اور تیرا سفر مُبارک کرے گا۔


میں نے خُدا سے پوچھا تھا کہ جو یہ کہے گی، ''پی لے اور میں تیرے اُونٹوں کو بھی پِلاؤں گی۔''


سو اب اگر تُم کرم اور راستی سے میرے آقا کے ساتھ پیش آنا چاہتے ہو تو مُجھے بتاؤ۔
اور اگر نہیں تو کس طرف جاؤں۔


یہ بات خُداوند کی طرف سے ہُوئی ہے
رِبقہ تیرے سامنے مَوجُود ہے۔ اُسے لے اور جا اور اپنے آقا کے بیٹے سے اُسے بیاہ دے۔
میرے خُدا کا نام مبارک ہو اُس نے میرے مالک ابرہام کو کامیاب کیا۔
نوکر نے چاندی اور سونے کے زیور اور لباس نِکال کر رِبقہ کو دِئے اور اُس کے بھائی اور اُس کی ماں کو بھی قیمتی چیزیں دِیں۔
اب میں کھاؤں گا اور تمہارے گھر رات گزاروں گا۔







پیدائش 24:54-61






**پیدایش 67-62:24**






پیدائش 25:1-10


اور اِضحاق نے اپنی بیوی کے لِئے خُداوند سے دُعا کی کیونکہ وہ بانجھ تھی اور اُس کی بیوی حامِلہ ہُوئی۔
اور اُس کے پیٹ میں دولڑکے آپس میں مُزاحمت کرنے لگے۔ اور وہ خُداوند سے پُوچھنے گئی۔
میرے پیٹ میں کیا ہو رہا ہے؟
دوقومیں تیرے پیٹ میں ہیں اور دو قبیلے تیرے بطن سے نِکلتے ہی الگ الگ ہو جائیں گے۔ اور ایک قبیلہ دُوسرے قبیلہ سے زورآور ہوگا اور بڑا چھوٹے کی خِدمت کرے گا۔
اور پہلا جو پَیدا ہُوا تو سُرخ اور بالوں والا تھا!
اور اُنہوں نے اُس کا نام عیسوؔ رکھّا۔
اگر چہ عیسوؔ کا مطلب ''بہت زیادہ بالوں والا'' ہے لیکن اُس کو ادوم بھی کہا جاتا ہے جس کا مطلب ہے ''لال۔''
اسکے بعد اُس کا بھائی پَیدا ہُوا اور اُس کا ہاتھ عیسوؔ کی ایڑی کو پکڑے ہُوئے تھا۔
اور اُس کا نام یعقُوبؔ رکھّا گیا۔
یعقوب کا مطلب ہے ''ایڑی کو پکڑنے والا'' یا ''دھوکے باز''


اور عیسو شکار میں ماہر ہو گیا اور جنگل میں رہنے لگا۔
یعقوب سادہ مزاج اور ڈیروں میں رہنے والا آدمی تھا۔
میرے بیٹے-تُو جو جنگلی شکار لاتا ہے مجھے وہ بے حد پسند ہے!
اگرچہ اضحاق عیسو کو اہمیت دیتا تھا لیکن رِبقہ یعقوب کو پیار کرتی تھی۔
یہ جو لال لال تو پکا رہا ہے مجھے کِھلا دے۔ کیونکہ مَیں بے دَم ہو رہا ہُوں!
میں تجھے ضرور دوں گا اگر تو اپنا پہلوٹھے کا حق میرے ہاتھ بیچ دے۔
عیسو نے کہا دیکھ مَیں تو مرا جاتا ہُوں۔ پہلوٹھے کا حق میرے کِس کام آئے گا؟
آج ہی مجھ سے قسم کھا۔
میں قسم کھاتا ہوں۔ اب مجھے کھانے کو دے۔
پہلوٹھے کا حق جائیداد کا دوگنا حصّہ اور اُسکے ساتھ ساتھ خاندان کا سربراہ اور کاہن ہونا تھا۔
لیکن عیسو نے اُس قدر و قیمت اور پاکیزگی کو نا چیز جانا۔


اور جب اس سرزمین پر کال پڑا تب اِضحاق جرار کو فِلستِیوں کے بادشاہ اَبی مَلِک کے پاس گیا۔ اور خُدا نے اُس پر ظاہِر ہو کر اُسے خبردار کیا کہ مِصر کو نہ جا۔
تُو اِسی مُلک میں قیام رکھ اور مَیں اُس قَسم کو جو مَیں نے تیرے باپ ابرہام سے کھائی پُورا کرُوں گا۔
اور مَیں تیری اَولاد کو بڑھا کر آسمان کے تاروں کی مانند کرُوں گا اور یہ سب مُلک تیری نسل کو دُوں گا اور زمِین کی سب قومیں تیری نسل کے وسِیلہ سے برکت پائیں گی۔
اور یہ عورت جو تمہارے ساتھ ہے؟
اُس نے کہا وہ میری بہن ہے۔ اور ہمارے ساتھ سفر پر ہے۔
اور اضحاق نے بھی ویسا ہی کیا جیسا اُس کے باپ ابرہام نے کیا تھا؟ اُس نے بھی خُدا پر بھروسا نہ کیا کہ وہ اُن کی پرواہ کرتا ہے۔
یہ تُو نے ہم سے کیا کِیا؟
اِن لوگوں میں سے کوئی تیری بِیوی کے ساتھ مُباشرت کر لیتا اور تُو ہم پر اِلزام لاتا۔
یہ عورت واقعی تیری بیوی ہے!
تب ابی مَلک نے سب لوگوں کو یہ حُکم کِیا کہ جو کوئی اِس مَرد کو یا اِس کی بِیوی کو چُھوئے گا سو مار ڈالا جائے گا۔


لیکن خُدا نے اضحاق کو فلستیوں کے ملک میں بہت برکت بخشی اورابی مَلِک نے اِضحاق سے کہا کہ تُو ہمارے پاس سے چلا جا۔
تب جرار کے چرواہوں نے اِضحاق کے چرواہوں سے جھگڑا کِیا اور کہنے لگے کہ یہ پانی ہمارا ہے۔
بالآخر، اس نے وہاں ایک کنواں کھودا جیسا کسی نے نہ کھودا تھا اور اُس نے اُس کا نام ''رحوبوت'' رکھّا اور کہا کہ اب خُداوند نے ہمارے لِئے جگہ نِکالی۔
اور خُداوند دوبارہ اُس پر ظاہر ہُوا اور اُسے یاد کروایا کہ مت ڈر۔
وہ اضحاق کے ساتھ تھا اور اُس کی نسل کو بہت بڑھائے گا۔
ابی ملک آتا ہے، اگرچہ وہ مجھ پر برہم تھا۔
اُنہوں نے کہا ہم نے خُوب صفائی سے دیکھا کہ خُداوند تیرے ساتھ ہے سو ہم ڈرے۔
ہم نے سِوا نیکی کے تُجھ سے اور کُچھ نہیں کِیا اور اب ہمارے اور تیرے درمیان قسم ہو جائے اور ہم تیرے ساتھ عہد کریں۔
ہمارے اور تیرے درمیان قَسم ہو جائے۔
سو اضحاق نے اپنے ہمسایوں میں جگہ پائی لیکن اپنے خاندان میں نہیں۔
اور عیسو نے اپنے لوگوں میں شادی نہ کی، لیکن اس کی بجائے اُس نے غیر اقوام کے نزدیکی قبائل میں سے دو بیویاں کیں۔ جو اضحاق اور اسِ کی بیوی کے لئے دُکھ کا باعث بنی۔



میں ضعیف ہو گیا ہوں اور میری آنکھیں دُھندلا گئی ہیں۔ مُجھے اپنی مَوت کا دِن معلُوم نہیں۔
سو اب تُو ذرا میرے لِئے شِکار مار لا اور میرا حسبِ پسند لذِیذ کھانا میرے لِئے تیّار کر کے میرے آگے لے آ تا کہ مَیں کھاؤں اور اپنے مَرنے سے پہلے دِل سے تُجھے دُعا دُوں۔
تب رِبقہ نے اپنے بیٹے یعقُوب سے کہا کہ دیکھ مَیں نے تیرے باپ کو عیسو سے یہ کہتے سُنا کہ میرے لِئے شِکار مار کر لذِیذ کھانا میرے واسطے تیّار کر تا کہ مَیں کھاؤں اور تُجھے دُعا دُوں۔
پس جا بکری کے دو اچھّے اچھّے بچّے مُجھے لا دے اور مَیں اُن کو لے کر تیرے باپ کے لِئے اُس کا حسبِ پسند لذِیذ کھانا تیّار کر دُوں گی۔
اور تُو اُسے اپنے باپ کے آگے لے جانا تا کہ وُہ کھائے اور تُجھے دُعا دے۔
لیکن عیسو کے جِسم پر بال ہیں اور میرا جِسم صاف ہے۔
اگر وہ مُجھے ٹٹولے تو برکت نہیں بلکہ لعنت کماؤں گا۔
تیری لعنت مُجھ پر آئے۔ تُو صِرف میری بات مان اور جیسا میں نے کہا کر۔



اپنے بھائی کا نفیس لِباس پہن لے۔اور پھر تجھ سے عیسو جیسی خوشبو آئے گی۔
اور بکری کے بچوں کی کھالیں اُس کے ہاتھوں اور اُس کی گردن پر جہاں بال نہ تھے لپیٹ دیں تا کہ وہ عیسو کے جسم کی مانند لگے۔
اور ان سب سے اور لذیذ کھانے کی وجہ سے، وہ یہ سمجھے گا کہ تو عیسو ہے اور وہ تجھے دُعا دے گا۔
میرے باپ!
تُو کون ہے میرے بیٹے؟
مَیں تیرا پہلوٹھا بیٹا عیسو ہُوں۔ مَیں نے تیرے کہنے کے مُطابِق کِیا ہے۔سو ذرا اُٹھ اور بَیٹھ کر میرے شِکار کا گوشت کھا تا کہ تُو دِل سے مُجھے دُعا دے۔
اَے میرے بیٹے ذرا نزدِیک آ تا کہ مَیں تُجھے ٹٹولُوں کہ تُو میرا وہی بیٹا عیسو ہے۔
آواز تو یعقُوب کی ہے پر ہاتھ عیسو کے ہیں۔
کیا تُو میرا بیٹا عیسو ہی ہے؟
ہاں، مَیں وُہی ہُوں۔
کھانا میرے آگے لے آ۔


اَے میرے بیٹے! اب پاس آ کر مُجھے چُوم۔
دیکھو! میرے بیٹے کی مہک اُس کھیت کی مہک کی مانِند ہے جِسے خُداوند نے برکت دی ہو۔
خُدا آسمان کی اوس اور زمِین کی فربہی اور بُہت سا اناج بخشے۔
قومیں تیری خِدمت کریں اور قبیلے تیرے سامنے جُھکیں۔
جو تُجھ پر لَعنت کرے وہ خُود لَعنتی ہو اور جو تُجھے دُعا دے وہ برکت پائے۔






پیدائش 27:30-40






پیدائش 27:41-28:7


تم میرے باپ کے گھر میں پناہ لے سکتے ہو۔
میرا بھائی لابن تمہیں بتائے گا کہ تمہیں کیا کرنا ہے۔
وہ میری کنعانی بیویوں کو پسند نہیں کرتے۔۔۔ہوسکتا ہے میں اپنا پہلوٹھے کا کھویا ہوا حق واپس لے لوں۔۔۔
یعقوب اپنے باپ کی فرمانبرداری کرتے ہوئے اپنی ماں کے رشتہ داروں کے پاس حاران کو چلا گیا۔
وہاں وہ اپنے بھائی عیسو سے محفوظ رہا اور اپنے لئے مناسب بیوی کی اُمید کرنے لگا۔
عیسو نے تیسری شادی کرلی، یہ اُسکے چچا اسمٰعیل کی بیٹی تھی۔ شاید وہ اسطرح اپنے والدین کو نئی وصیت تیار کرنے کے لئے قائل کر رہا تھا۔
وہ ایک جگہ رُکا اور پتھروں میں سے ایک اُٹھا کر اپنے سرہانے دھر لیا اور اُسی جگہ سونے کو لیٹ گیا۔


مَیں خُداوند تیرے باپ ابرؔہام کا خُدا اور اِضحاؔق کا خُدا ہُوں۔
تیری نسل زِمین کی گرد کے ذرّوں کی مانِند ہوگی۔۔۔
زِمین کے سب قبیلے تیرے اور تیری نسل کے وسِیلہ سے برکت پائیں گے۔




پیدائش 28:12-15




24

پیدایش 22-16:28



ربقہ کے خاندان کی سرزمین۔
اے میرے بھائیو۔۔ تُم کہاں کے ہو؟
ہم حاران کے ہیں
پھِر اُس نے پُوچھا کہ تُم نحور کے بیٹے لابن سے واقِف ہو؟
اُنہوں نے کہا ہم واقِف ہیں۔
کیا وہ خیریت سے ہے؟
ہاں، وہ خیریت سے ہے۔ اور وہ دیکھ اُس کی بیٹی راخِل چلی آتی ہے۔
یعقُوب نے راخِل سے کہا کہ مَیں تیرے باپ کا رِشتہ دار اور رِبقہ کا بیٹا ہُوں۔
میرے ساتھ چل! تا کہ میرا باپ تجھے دیکھ کر خوشی منائے!
اُے میرے باپ! تیری بہن ربقہ کا بیٹا ہمارے پاس آیا ہے!


تو یہاں ایک مہینہ سے ہے چُونکہ تُو میرا رِشتہ دار ہے تو کیا اِس لِئے لازِم ہے کہ تُو میری خِدمت مُفت کرے۔
سو مجھے بتا کہ تیری اُجرت کیا ہوگی؟
میں جانتا ہوں کہ مجھے کیا چاہیے۔ تیری بیٹی راخل۔۔
۔۔اور اس کے بدلے مَیں سات برس تیری خِدمت کرُوں گا۔
اُسے غَیر آدمی کو دینے کی جگہ تو تُجھ کو دینا بہتر ہے۔
میں نے سات سال تیری خدمت کی۔۔ اور اب میری بیوی مُجھے دے تاکہ مَیں اُس کے پاس جاؤں۔
وہ رضامند ہو گیا۔
چُنانچہ یعؔقُوب سات برس تک راخِل کی خاطِر خِدمت کرتا رہا پر وہ اُسے راخِل کی محبت کے سبب سے چند دِنوں کے برابر معلوم ہُوئے۔



لابن!!!
تُو نے کیوں مُجھے دھوکا دِیا!
جس عورت کے ساتھ میں ہم آغوش ہوا وہ راخل نہ تھی، لیکن اُس کے بجائے لیاہ تھی جس کی آنکھیں چُندھی تھیں۔
ہمارے مُلک میں یہ دستُور نہیں کہ پہلوٹھی سے پہلے چھوٹی کو بیاہ دیں۔
تُو اِس کا ہفتہ پُورا کردے پھر ہم دُوسری بھی تُجھے دے دیں گے جس کی خاطِر تُجھے سات برس اَور میری خِدمت کرنی ہوگی۔
سو بالآخر لابن کی دونوں بیٹیوں سے یعقوب کے لئے بیٹے پیدا ہوئے۔
ایک وقت آیا جب وہ حاملہ ہونے کے قابل نہ رہیں تو اُنہوں نے اپنی لونڈیاں زلفہ اور بِلہا اُسے دیں تا کہ وہ اِن کے لئے بچے پیدا کریں۔
اور یعقوب اپنی ماں کی سرزمین پر خوب بڑھا اور اُس کے گیارہ بیٹے اور ایک بیٹی دینہ تھی۔


اور جب راخِل سے یُوسف پَیدا ہُوا تو یعقُوب اپنے سُسر لابن کے پاس گیا۔
میری بیویاں اور میرے بال بچّے جِن کی خاطِر مَیں نے تیری خِدمت کی ہے میرے حوالہ کر، تاکہ میں اپنے خاندان کی طرف لوٹ جاؤں۔
مُجھ پر تیرے کرم کی نظر ہے تو یہیں رہ کیونکہ مَیں جان گیا ہُوں کہ خُداوند نے تیرے سبب سے مُجھ کو برکت بخشی ہے۔۔تُو اپنی اُجرت ٹھہرا لے۔
میرے آنے سے پہلے یہ تھوڑے تھے اور میری حفاظت اور نگہبانی میں اب بڑھ کر بُہت سے ہوگئے ہیں۔
اب مَیں اپنے گھر کا بندوبست کرنے کے لئے تیار ہوں۔
تُجھے مَیں کیا دُوں؟
جِتنی بھیڑیں چِتلی اور ابلق اور کالی ہوں اور جِتنی بکریاں ابلق اور چِتلی ہوں اُن سب کو الگ ایک طرف کر دُوں گا
اِن ہی کو مَیں اپنی اُجرت ٹھہراتا ہُوں اور اگر ان کے علاوہ میرے پاس ہوں تو چُرائی ہُوئی سمجھی جائیں۔
مَیں راضی ہُوں
اُسی روز لابن اور اُس کے بیٹوں نے بھیڑوں کو الگ کر دِیا۔ اور اُس نے اپنے اور یعقُوب کے درمِیان تِین دِن کے سفر کا فاصِلہ ٹھہرایا۔


تاہم یعقوب کے پاس
ایک منصوبہ تھا۔
اُس نے وہ گنڈیدار چھڑیاں بھیڑبکریوں کے سامنے حَوضوں اور نالیوں میں جہاں وہ
پانی پینے آتی تھیں کھڑی کر دِیں اور جب وہ پانی پینے آئیں سو گابھن ہو گئیں۔
لیکن وہ یہ صرف مضبُوط بھیڑبکریوں کے لئے کرتا تھا۔
سو دُبلی تو لابن کی رہیں۔
اور یعقُوب کا ریوڑ نہایت بڑھتا گیا۔
اور اُس کے پاس بہت سے ریوڑ اور لونڈیاں
اور نوکر چاکر اور اُونٹ اور گدھے ہو گئے۔
جلد ہی ہماری بہن کا
خاوند وہ سب کچھ ہم سے
لے لے گا جو ہمارا ہے۔
میں اُسے دیکھ
لوں گا۔


مجھے لے کر تُمہارے باپ اور
بھائیوں کا رُخ پہلے سے بدلا
ہُوا ہے۔
تُمہارے باپ نے مُجھے دھوکا دے
دے کر دس بار میری مزدُوری بدلی
خُدا نے تُمہارے باپ
کے جانور لے کر مُجھے دے
دِیے۔
کیا اب بھی ہمارے باپ کے گھر میں
کُچھ ہمارا بخرہ یا مِیراث ہے؟ کیا وہ
ہم کو اجنبی کے برابر نہیں سمجھتا؟
پس جو کُچھ خُدا نے تُجھ سے کہا ہے
وُہی کر، ہم تیرے ساتھ ہیں۔
اور لابن اپنی بھیڑوں کی پشم کترنے کو گیا ہُوا تھا۔ یعقوب اپنے
سب جانوروں اور مال واسباب کے ساتھ بھاگ گیا۔
لیکن راخِل اپنے باپ کے بُتوں کو چُرا لے گئی۔



اے باپ
یعقوب ہماری بہنوں اور جو کچھ
اُس کا تھا سب کچھ لے بھاگا۔
اپنے بھائیوں اور
رشتے داروں کو جلدی
اکٹھا کرو۔
اس قدر بڑے ریوڑ
کے ساتھ ہم اُنہیں
جا پکڑیں گے۔
خبردار تُو یعقُوب کو
بُرا یا بھلا کُچھ نہ کہنا۔
تیرے باپ نے
ہم کو ڈھونڈ لیا ہے۔
میرا باپ ایک
انتہائی ضدی شخص
ہے۔
تُو چُھپ کر کیوں بھاگا
اور مجھے کیوں دھوکا دیا؟
مجھے اپنے بیٹوں اور
بیٹیوں کو چُومنے بھی نہ دیا؟
خیر! اب تُو جا۔
تیرے خُدا نے کل رات مجھے
یُوں کہا کہ خبردار! تُو یعقُوب
کے ساتھ اچھے سے پیش آنا۔
اِس لئے کہ مَیں ڈرا کیونکہ مَیں
نے سوچا کہ کہیں تُو اپنی بیٹیوں
کو جبراً مجھ سے چھین نہ لے
تم نے ایک احمقانہ
کام کیا ہے۔
حتیٰ کہ میرے
بُتوں کو چُرا لیا ہے!
میرے خیمہ کو ٹٹول لے
اور تیرا جو کچھ میرے پاس سے
نکلے اُسے پہچان کر لے لے
یعقُوب کو معلُوم نہ تھا کہ راخِل
اُن بُتوں کو چُرا لائی ہے۔


سووہ کہاں ہیں؟
میں اپنی بات کو سچ ثابت کرنے کے لئے اُنہیں تلاش کروں گا۔
راخِل اُن بُتوں کو چُھپا کراُن پر بَیٹھ گئی۔
تُو اِس بات سے ناراض نہ ہونا کہ مَیں تیرے آگے اُٹھ نہیں سکتی کیونکہ مَیں اَیسے حال میں ہُوں جو عَورتوں کا ہُوا کرتا ہے۔
تُو نے جو میرا سارا اسباب ٹٹول ٹٹول کر دیکھ لیا تو تجھے تیرے گھر کے اسباب میں سے کیا چیز مِلی؟
مَیں پُورے بِیس برس تیرے ساتھ رہا۔ نہ تو کبھی تیری بھیڑوں اور بکریوں کا گابھ گرا اور نہ تیرے ریوڑ کے مینڈھے مَیں نے کھائے۔ جسے درِندوں نے پھاڑا مَیں اُسے تیرے پاس نہ لایا۔ اُس کا نُقصان مَیں نے سہا۔ اور اب دیکھ تو مجھ سے کیسا سلوک کرتا ہے!
خُدا نے میری مُصِیبت اور میرے ہاتھوں کی محنت دیکھی ہے اور کل رات تجھے ڈانٹا بھی
تب لابن نے یعقُوب کو جواب دِیا کہ یہ بیٹِیاں میری اور یہ لڑکے بھی میرے اور یہ بھیڑ بکریاں بھی میری ہیں بلکہ جو کُچھ تجھے دِکھائی دیتا ہے وہ سب میرا ہی ہے، اب آ کہ مَیں اور تُو دونوں مِل کر آپس میں ایک عہد باندھیں۔
ضرر پُہنچانے کے لِئے نہ تو مَیں اِس ڈھیر سے اُدھر تیری طرف تجاوُز کرُوں اور نہ تُو اِس ڈھیر اور ستُون سے اِدھر میری طرف تجاوُز کرے۔
اُنہوں نے اس عہد کی پختگی کے لئے وہاں قربانی گذاری اور ضیافت کی۔
اور لابن صُبح سویرے اُٹھا اور اپنے بیٹوں اور اپنی بیٹِیوں کو چُوما اور اُن کو دُعا دے کر روانہ ہو گیا اور اپنے گھر کو لَوٹا۔


اور یعقوب نے بھی اپنی راہ لی اور خُدا کے فرِشتے اُسے ملے۔
اُسے یاد کروایا گیا کہ خُدا اُس کے ساتھ ہے اور اُس نے اُس جگہ کا نام محنایم رکھا۔
اور یعقوب نے اپنے آگے آگے قاصدوں کو اپنے بھائی عیسو کے پاس بھیجا تا کہ وہ اُس سے بات کریں۔
تُم میرے خُداوند عیسو سے یہ کہنا کہ آپ کا بندہ یعقوب کہتا ہے کہ مَیں لابن کے ہاں مقِیم تھا اور اب تک وہیں رہا۔ اور میرے پاس گائے بَیل اور گدھے اور بھیڑ بکریاں اور نوکر چاکر اور لَونڈیاں ہیں اور مَیں اپنے خُداوند کے پاس اِس لِئے خبر بھیجتا ہُوں کہ مجھ پر آپ کے کرم کی نظر ہو۔
کچھ دنوں کے بعد۔۔۔
ہم تیرے بھائی عیسو کے پاس گئے تھے وہ چار سَو آدمِیوں کو ساتھ لے کر تیری مُلاقات کو آرہا ہے۔
یہ اچھا نہیں ہوا، اور اُس نے اپنے ساتھ کے لوگوں اور بھیڑ بکریوں اور گائے بَیلوں اور اُونٹوں کے دو غول کِئے۔
اگر میرا بھائی ایک غول پر آ پڑے اور اُسے مارے تو دُوسرا غول بچ کر بھاگ جائے گا۔
اُے میرے خُدا، تیرا ہی فرمان ہے کہ مَیں تیرے ساتھ ضرور بھلائی کرُوں گا اور تیری نسل کو دریا کی ریت کی مانِند بناؤں گا۔۔۔
اور اگلے دن اُس نے، بکریاں اور بکرے، بھیڑیں، مینڈھے، دُودھ دینے والی اُونٹنیاں، گائیں اور بَیل، گدھیاں، گدھے لئے اور اُن کو جُدا جُدا غول کر کے نوکروں کو سَونپا اور اُن سے کہا کہ غولوں کو ذرا دُور دُور رکھنا۔
جب میرا بھائی عیسو تُجھے مِلے اور تُو کہنا کہ یہ تیرے خادِم یعقوب کے ہیں۔ یہ نذرانہ ہے جو میرے خُداوند عیسو کے لِئے بھیجا گیا ہے اور وہ خُود بھی ہمارے پیچھے پیچھے آرہا ہے۔






پیدائش 32:22-32


میرے بھائی۔ آخرکار اتنے سالوں بعد ہماری ملاقات ہوگئی ہے۔
یہ تیرے ساتھ کون ہیں؟
یہ وہ بچّے ہیں جو خُدا نے تیرے خادِم کو عنایت کِئے ہیں۔
تب لَونڈیاں اور اُن کے بچّے نزدِیک آئے اور اپنے آپ کو عیسو کے سامنے جُھکایا۔
پھر لیاہ اپنے بچّوں کے ساتھ نزدِیک آئی اور وہ جُھکے۔
آخر کو یعقوب، یُوسف اور راخِل پاس آئے اور اُنہوں نے اپنے آپ کو جُھکایا۔



پھر اُس نے کہا کہ اُس بڑے غول سے جو مجھے مِلا تیرا کیا مطلب ہے؟
ہم بُرے حالات میں جُدا ہوئے تھے لیکن اب میں تمہاری حمایت چاہتا ہوں۔
تب عیسو نے کہا میرے پاس بُہت ہے۔ مجھے اِس کی ضرورت نہیں۔
کیونکہ مَیں نے تو تیرا مُنہ اَیسا دیکھا جَیسا کوئی خُدا کا مُنہ دیکھتا ہے۔
سو میرا نذرانہ جو تیرے حُضور پیش ہُوا اُسے قبُول کرلے۔
اگر تو مجبور کرتا ہے تو میں تیرے ہاتھ سے یہ تحفہ قبول کرتا ہوں۔
اب ہم کُوچ کریں اور چل پڑیں اور مَیں تیرے آگے آگے ہولوں گا۔
ہم نہیں جا سکتے۔
میرے ساتھ نازُک بچّے اور دُودھ پلانے والی بھیڑ بکریاں اور گائیں ہیں۔
اِس کی کیا ضرُورت ہے؟ میرے خُداوند کی نظرِ کرم میرے لِئے کافی ہے۔
پھر جو لوگ میرے ہمراہ ہیں اُن میں سے تیرے ساتھ چھوڑتا جاؤں۔
جب یعقوب کنعان پہنچا تو اُس نے حمور کے لڑکوں سے زمین کا ایک حصّہ خرِید لیا۔


ایک دن دِینہ جو یعقُوب کی بیٹی تھی اُس مُلک کی لڑکیوں کو دیکھنے کو باہر گئی۔ تب اُس مُلک کے امیر حوی حمور کے بیٹے سِکم نے اُسے دیکھا۔
اور اُسے لے جا کر اُس کے ساتھ زبردستی کی اور اُسے ذلیل کِیا۔
دینہ میری بیٹی تیرے ساتھ کیا ہوا ہے؟
میرا بیٹا سِکم تُمہاری بیٹی کو دِل سے چاہتا ہے۔ اور وہ اُسے اپنی بیوی بنانا چاہتا ہے۔
اُس نے اُسے ناپاک کیا!
یہ ایک مکرُوہ فعل ہے جو ہرگز مُناسِب نہ تھا۔
لیکن اُسکا دِل اُسکے ساتھ لگ گیا۔
مہربانی سے۔۔۔ یہاں ٹھہرو اور ہماری بیٹیاں لو اور اپنی ہمیں دو۔
ہم یہ نہیں کر سکتے کہ نامختون مَرد کو اپنی بہن دیں۔
لیکن جَیسے ہم ہیں اگر تُم وَیسے
ہی ہو جاؤ کہ تُمہارے ہر مَرد کا خَتنہ کر دِیا جائے تو ہم راضی ہو جائیں گے۔


پھر حمور اور اُس کا بیٹا سِکم اپنے شہر کے پھاٹک پر گئے اور اپنے شہر کے
لوگوں سے یُوں گُفتگو کرنے لگے کہ ہم اُن کی بیٹِیاں بیاہ لیں اور اپنی
بیٹِیاں اُن کو دیں مگر فقط اِس شرط پر کہ ہم میں سے ہر مَرد کا خَتنہ کِیا
جائے جَیسے اُن کا ہُوا ہے۔
اور تِیسرے دِن دِینہ کے دو بھائی شمعُون اور لاوی اپنی اپنی تلوار لیے اُن پر
آن پڑے تا کہ اپنا بدلہ لیں۔
جب اُس شہر کہ مرد درد میں مُبتلا تھے تو یُوں ہُوا کہ وہ نا گہان شہر پر آ پڑے
اور سب کو قتل کِیا اور حمور اور اُس کے بیٹے سِکم کو بھی تلوار سے قتل کر ڈالا۔
اُن کی سب دَولت لُوٹی اور باقی لوگوں کو اسِیر کر لِیا۔
یہ تم نے کیا کر دیا؟
میرے ساتھ تو تھوڑے ہی آدمی ہیں اور وہ مِل کر میرے مُقابلہ کو آئیں گے اور مجھے قتل کر دیں گے اور مَیں اپنے گھرانے سمیت برباد ہو جاؤں گا۔
لیکن کیا اُسے مُناسِب تھا کہ وہ ہماری بہن کے ساتھ کسبی کی طرح برتاؤ کرتا؟
اُن کے ساتھ وہی ہوا جس کے وہ حقدار تھے۔






پیدایش 35:1-15


اوروہ بَیت ایل سے چلے اور راخِل کے دردِ زہ لگا
اور وضعِ حمل میں نہایت دِقّت ہُوئی۔ اور جب وہ
سخت درد میں مُبتلا تھی۔ اور اُس کے بیٹا ہوا اور وہ
جلد مر گئی۔
راخل نے اُس کا نام بنؤنی رکھّا۔
یعنی۔۔۔دُکھ کا بیٹا!
لیکن یعقوب نے اُس کا نام
بِنیمِین رکھّا۔
اور یعقوب جب کنعان واپس آ گیا تھا، تو
اُس کے باپ اضحاق نے وفات پائی۔
اُسکے بیٹوں نے اُسے اُس غار میں دفن کیا
جہاں اُسکے والدین دفن تھے۔
عیسو ادومیوں کا باپ بن گیا۔
لفظ ادوم لفظ ''سُرخ'' سے ماخوذ ہے۔
عیسوٓ کے نا صرف سُرخ بال تھے بلکہ وہ
جس علاقہ میں رہتا تھا وہ سُرخ رنگ کے
پتھروں سے ڈھکی ہوئی تھی۔
اور یعقوب کنعان کے ملک میں رہا جہاں
اُسکا باپ رہا کرتا تھا۔

"THE BIBLE EXPLAINED
IN EVERY LANGUAGE."





# SUPERBIBLE.TV